36606 ـ اس کے لیےہوائي جہاز میں احرام باندھنا مشکل ہے لھذا اسے کیا کرنا چاہیے

سوال

جب کوئي شخص حج یا عمرہ کرنا چاہے ، اورہوائي جہاز میں اس کے لیے احرام باندھنا مشکل ہو ، اورپھراس کے ساتھ اسے میقات کا بھی علم نہ ہو توکیا وہ جدہ تک احرام باندھنے میں تاخیر کرسکتا ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب کوئي شخص حج یا عمرہ کرنا چاہے اوروہ ہوائي جہاز سے سفر کررہا ہے تواسے اپنے گھرسے غسل کرکے اگر چاہے تواحرام کی چادریں پہن لے اورجب میقات میں کچھ فاصلہ رہ جائے تووہ حج یا عمرہ کی نیت کرلے ، اوراس میں کوئي مشقت اورمشکل نہیں ہے ۔

اورجب اسے میقات کا علم نہیں تووہ ہوائي جہاز کے پائلٹ یا اس کے عملہ کے ارکان یا کسی ایک ہوائي میزبان یا پھر کسی ثقہ مسافر سے پوچھ سکتا ہے جنہیں اس کا تجربہ بھی ہوتا ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .